سوال

(241) تمباکو نوشی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تمباکو نوشی (حقہ سگریٹ) کا استعمال شریعت کی رو سے کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حقہ سگریٹ درج ذیل وجوہات کی بنا پر حرام ہیں۔

(1) اس سے دماغ میں فتور پیدا ہوتا ہے حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نشہ والی شے اور جس سے دماغ میں فتور پیدا ہو منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد)(1)

(2) بلافائدہ اسراف ہے قرآن میں ہے:

إِنَّ المُبَذِّرينَ كانوا إِخوٰنَ الشَّيـٰطينِ... ٢٧ ... سورة الإسراء

"یعنی اسراف کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں؛

(3) ان کی بدبو سخت ہے حدیث میں ہے؛ "جس شی سے بنی آدم ایذا محسوس کرتے ہیں اس سے فرشتے کو بھی ایذا پہنچتی ہے۔" (2)

فعل ہذا کو کار ثواب قرار دینا دین سے ناواقفیت اور جہالت ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔ (فتاوی اہل حدیث 3/318-319)

1۔(۳۱۲) ضعفہ البانی المشکاۃ (3650) الضعیفۃ (4732) ابو داؤد (۳٦٨٢)

2۔(۳۱۳) صحیح مسلم کتاب المساجد باب نہی من اکل ثوما (۱۲۵۱ تا ۱۲۵٤)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ج1ص553

محدث فتویٰ